یا الٰہی رحم فرما مصطفیٰ ﷺ کے واسطے — بخش دے مجھ کو احمد ﷺ مجتبیٰ کے واسطے

پنجتنؑ کی ذات کا صدقہ ملے بہر حسن بصریؒ — اور خواجہ حبیب عجمیؒ صاحب رضا کے واسطے

ہو دعا مقبول بہر حضرت خواجہ طیفور شامیؒ — حضرت سید بدیع الدین قطب المدارؒ صدق و صفاء کے واسطے

طور کا جلوہ دکھا، طور تجلی دل بنا — حضرت قاضی مطاہرؒ اور حمید الدینؒ مرشد پارسا کے واسطے

بخش اپنی معرفت سید محمد راجےؒ کے لئے — مشکلیں آسان ہو اُس مقتدا کے واسطے

مرتضیٰؑ مولا عالم کا تصدق رحم کر — شاہ عبد الغفورؒ ولایت پیشوا کے واسطے

کر کرم خواجہ سید امام نور روزؒ کے لئے — حضرت پیر میراں بھڑنگ شاہؒ رہنما کے واسطے

دونوں عالم میں رہے سر پر میرے عزت کا تاج — اور حاجی لاغر مست حقؒ پیشوا کے واسطے

آفتاب معرفت سے میرے دل کو دے فروغ — حاجی چیتن ابدالؒ اور سدھ شاہ چاندؒ مرشد اولیاء کے واسطے

یہ بندگانِ خاص میں کر لے پسند — ہادی حُب علیؒ صاحب رضا کے واسطے

دے ہدایت ہادی ببّر علی شاہؒ مرشد میرے — ہو دعا مقبول اس راہ ہدیٰ کے واسطے

جلد پہنچا دے مجھ تو منزل مقصود پر — حضرت پیر محبت شاہؒ با صفاء کے واسطے

پیر بیلے شاہؒ کے لئے مست مئے توحید کر — پیر جمال اللہ شاہؒ مرشد راہ ہدیٰ کے واسطے

یا الٰہی تیرے نور فیض سے روشن ہو دل — دادا حضرت پیر علی محمد شاہؒ صاحب حیاء کے واسطے

کر مشرف مجھ کو دیدارِ رسول اللہ ﷺ سے — دادا حضرت سید رمضان علی شاہؒ مقتداء کے واسطے

گردش افلاق سے یا رب مجھے محفوظ رکھ — دادا حضرت سید محمد حسین شاہؒ ولی خدا کے واسطے

بروز محشر مجھ خاکسار کا رکھ لینا بھرم — سید بدیع الدین قطب المدار العالمین کبریا کے واسطے

میرے مرشد پاک ہیں حضرت سید محضر علی جعفری — میری بخشش ہو خدا اس رہنماؒ کے واسطے

پاک کر دے تو گناہوں سے مجھے رب کریم — حضرت خواجہ پیر سید عبد الغفار شاہ خادمان عاشقان مدار باحیاء کے واسطے

بروز حشر مجھ گناہ گار کا رکھ لینا بھرم اے رب کریم — حضرت سید وقار علی شاہ خادمان عاشقان مدار بارضاء کے واسطے

شائع کردہ: خانقاہ مداریہ چشتیہ نظامیہ اسحاق کالونی میرپورخاص سندھ پاکستان
رابطہ نمبر: سجادہ نشین خانقاہ مداریہ سید وقار علی شاہ جعفری +92 312 350 9351